www.saharaexpressdaily.com saharaexpressdelhi123@gmail.com ● saharaexpress123@gmail.com ● saharaexpressnews@gmail.com

Urdu Daily Published From
Delhi,Patna&Ranchi



روزنامہ
دہلی
# سہارا ایکسپریس
SAHARA EXPRESS,DELHI

No-1 SE

TITLE APPLY Vol:01 Issue:157 14.06.2025 SATURDAY Re.02 Page:08

جلد نمبر:01 شمارہ:۱۵۷ ر سنیچر ۱۴ر جون ۲۰۲۵ء مطابق ۱۷ر ذی الحجہ ۱۴۴۶ھ ر صفحات:08




# احمدآباد حادثے کی جگہ سے 265 افراد کی لاشیں برآمد

احمد آباد، 13 جون (یو این آئی) احمد آباد طیارہ حادثے میں ہلاک ہونے والے 265 افراد کی لاشیں اب تک برآمد کی جاچکی ہیں جبکہ 47 زخمیوں کا اسپتال میں علاج جاری ہے۔ ایک سینئر پولیس افسر نے یو این آئی کو بتایا کہ حادثے کی جگہ سے اب تک 265 لاشیں برآمد کی جاچکی ہیں اور ان کی شناخت کا عمل جاری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اب تک مرنے والوں کے 219 رشتہ دار ڈی این اے جانچ اور خون کے نمونے دینے کے لیے آچکے ہیں اور ان کے نمونے لے لیے گئے ہیں۔ باقی خاندانوں سے بھی اس سلسلے میں رابطہ کیا جاچکا ہے۔ نمونے لینے کے لیے فارنسک سائنس لیبارٹری (ایف ایس ایل) کی 10 ٹیموں کے 36 ماہرین چوبیس گھنٹے ڈیوٹی پر مامور ہیں۔ حادثے میں زخمی ہونے والے 47 افراد کو سول اسپتال لایا گیا تھا۔ ان میں سے 16 کا علاج او پی ڈی کے طور پر کیا جارہا ہے جبکہ 31 کا علاج اسپتال میں داخل کرکے کیا جارہا ہے۔ اس المناک حادثہ میں جمعرات کو دوپہر بعد احمد آباد سے لندن کے لیے پرواز بھرنے کے فوراً بعد ایئر انڈیا کا ڈریم لائنر طیارہ ایک میڈیکل کالج کے ہاسٹل پر گر کر تباہ ہو گیا تھا۔ طیارے میں عملے کے 12 ارکان سمیت کل 242 افراد سوار تھے، جن میں سے صرف ایک مسافر زندہ بچ سکا ہے۔ ایئر انڈیا نے طیارے میں سوار 241 افراد کے حادثے میں ہلاک ہونے کی تصدیق کی ہے۔





# سپریم کورٹ نے آندھرا پردیش کے صحافی راؤ کو ضمانت دے دی

نئی دہلی، 13 جون (یو این آئی) سپریم کورٹ نے جمعہ کو آندھرا پردیش کے سینئر صحافی کومیتی سرینواس راؤ کو ضمانت دے دی، جو ایک ٹی وی ٹاک شو میں مہمان کی طرف سے کیے گئے مبینہ قابل اعتراض تبصروں کے سلسلے میں گرفتار کیا گیا تھا۔ جسٹس پی کے مشرا اور منموہن کی پارٹ ٹائم ورکنگ ڈے بنچ نے متعلق فریقوں کے دلائل سننے کے بعد عرضی گزار راؤ کو راحت دی۔ ضمانت دیتے ہوئے بنچ نے کہا کہ اس نے (راؤ) نے یہ (مبینہ طور پر قابل اعتراض) تبصرہ نہیں کیا۔ اس لیے اس کی آزادی اظہار کا تحفظ کیا جانا چاہیے۔ عدالت عظمٰی نے اپنے حکم میں کہا کہ "اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے کہ درخواست گزار نے یہ بیان خود نہیں دیا ہے، لائیو ٹی وی شو میں اس کی صحافتی شرکت کو تحفظ فراہم کیا جانا چاہیے۔ اس کی آزادی اظہار کا بھی تحفظ کیا جانا چاہیے۔ درخواست گزار کو ضمانت پر رہا کیا جانا چاہیے"۔ عدالت عظمٰی نے ضمانت پر غور کرتے ہوئے درخواست گزار کی عمر کو بھی مدنظر رکھا اور کہا کہ وہ تقریباً 70 سال کا سینئر صحافی ہے۔ خیال رہے راؤ کو آندھرا پردیش پولیس نے 9 جون کو ایک پرائیویٹ ٹی وی چینل کے پروگرام میں ایک مہمان کے مبینہ قابل اعتراض ریمارکس کے سلسلے میں گرفتار کیا تھا۔ اس معاملے میں شکایت میں کہا گیا ہے کہ ان تبصروں سے خواتین کے جذبات کو ٹھیس پہنچی ہے۔ راؤ نے تبصروں کے دوران کوئی اعتراض نہیں کیا، لیکن ہنستے ہوئے دیکھا گیا تھا۔



# سونا کومسٹار کے چیئرمین سنجے کپور کا انگلینڈ میں انتقال



نئی دہلی، 13 جون (یو این آئی) گاڑیوں کے کل پرزے بنانے والی معروف کمپنی سونا کومسٹار کے چیئرمین اور نان ایگزیکٹیو ڈائریکٹر سنجے جے کپور کا کل انگلینڈ میں اچانک دل کا دورہ پڑنے سے انتقال ہو گیا۔ ان کی عمر 53 برس تھی۔ کمپنی نے جمعہ کو یہاں جاری ایک بیان میں یہ اطلاع دیتے ہوئے کہا کہ ہم انتہائی افسوس کے ساتھ یہ اطلاع دیتے ہیں کہ ہمارے چیئرمین کا انگلینڈ میں انتقال ہو گیا ہے۔ کمپنی نے کہا کہ ایک دور اندیش رہنما مسٹر کپور نے سونا کومسٹار کو اختراع، پائیداری اور مقصد پر مبنی گلوبل موبلٹی ٹیکنالوجی کمپنی کے طور پر تشکیل دینے میں کلیدی رول ادا کیا۔ ان کے جذبے، وژن اور عمدگی کے لیے انتھک عزم نے ان تمام لوگوں کو متاثر کیا جنہیں ان کے ساتھ کام کرنے کا اعزاز حاصل تھا۔ کمپنی نے کہا کہ اپنی پیشہ ورانہ حصولیابیوں کے علاوہ، مسٹر کپور ایک وقف والد، متعدد لوگوں کے لیے ایک رہنما اور ہندوستان کے مینوفیکچرنگ اور نقل و حرکت کے شعبوں کے مخلص ترجمان تھے۔ ان کے ناگہانی انتقال سے پوری انڈسٹری اور سونا فیملی گہرے صدمے میں ہے۔ اس دوران سونا بی ایل ڈبلیو پریسیژن فورجنگ لمیٹیڈ نے بی ایس ای کے ساتھ ریگولیٹری فائلنگ میں بھی یہ اطلاع دی ہے۔






